# تاریخِ ہند کے موضوعات

حصّہ III

© NCERT not to be republished

© NCERT
not to be republished

بارھویں جماعت کے لیے تاریخ کی درسی کتاب

# تاریخِ ہند کے موضوعات

## حصّہ III




not to be republished

جامعہ ملیہ اسلامیہ

विद्यया ऽमृतमश्नुते

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

एन सी ई आर टी
NCERT

**Tareekh-e-Hind Ke Mauzuat-III**
(Themes in Indian History Part-III)
Textbook for Class-XII

**ISBN 81-7450-765-5 (Part-I)**
**81-7450-793-0 (Part-II)**
**81-7450-794-9 (Part-III)**

**پہلا اردو ایڈیشن**

مئی 2008 جیشٹھ 1930

**دیگر طباعت**

| | | | |
|---|---|---|---|
| فروری | 2015 | ماگھ | 1936 |
| جون | 2017 | اشاڑھ | 1939 |
| مئی | 2019 | ویشاکھ | 1941 |
| ستمبر | 2020 | بھادر | 1942 |

**PD 5H SPA**

© نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، 2008

**جملہ حقوق محفوظ**

- ناشر کی پہلے سے اجازت حاصل کئے بغیر، اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یاداشت کے ذریعے بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانیکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی، اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کر کے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی محر کے ذریعے یا اسٹیکر یا کسی اور ذریعہ ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصور ہوگی اور نا قابل قبول ہوگی۔

**این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر**

این سی ای آر ٹی کیمپس
شری اروندو مارگ
**نئی دہلی** - 110016 **فون** 011-26562708

108,100 فٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بناشنکری III اسٹیج
**بینگلورو** - 560085 **فون** 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
**احمد آباد** - 380014 **فون** 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
**کولکاتا** - 700114 **فون** 033-25530454

سی ڈبلیو سی کامپلیکس
مالی گاؤں
**گواہاٹی** - 781021 **فون** 0361-2674869

**قیمت: ₹ 130.00**

**اشاعتی ٹیم**

| | | |
|---|---|---|
| ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن | : | انوپ کمار راجپوت |
| چیف ایڈیٹر | : | شویتا اُپّل |
| چیف پروڈکشن | : | ارون چتکارا |
| چیف بزنس منیجر (انچارج) | : | وپن دیوان |
| ایڈیٹر | : | سید پرویز احمد |
| اسسٹنٹ پروڈکشن آفیسر | : | مکیش گوڑ |

سرورق اور آرٹ — تصاویر

آرٹ کری ایشن، نئی دہلی — کے۔ ورگیز

این سی ای آر ٹی واٹر مارک 80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندو مارگ، نئی دہلی - 110016 نے راس ٹیکنو پرنٹ، A-48، سیکٹر-63، نوئیڈا - 201301 (یوپی) میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

© NCERT not to be republished

# پیش لفظ

'قومی درسیات کا خاکہ--2005' میں سفارش کی گئی ہے کہ بچوں کی اسکول کی زندگی، ان کی باہر کی زندگی سے ہم آہنگ ہونی چاہیے۔ یہ زاویۂ نظر، کتابی علم کی اس روایت کی نفی کرتا ہے جس کے باعث آج تک ہمارے نظام میں گھر اور سماج کے درمیان فاصلے حائل ہیں۔ نئے قومی درسیات کے خاکے پر مبنی نصاب اور درسی کتابیں اسی بنیادی خیال پر عمل آوری کی ایک کوشش ہے۔ اس کوشش میں مختلف مضامین کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے اور رٹ کر پڑھنے کے طریقۂ کار کی حوصلہ شکنی بھی شامل ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ان اقدامات سے قومی تعلیمی پالیسی 1986 میں مذکور 'تعلیم کے طفل مرکوز نظام' کی طرف مزید پیش رفت ہوگی۔

اس کوشش کی کامیابی کا انحصار اس پر ہے کہ اسکولوں کے پرنسپل اور اساتذہ بچوں میں اپنے تاثرات خود ظاہر کرنے اور ذہنی سرگرمیوں اور سوالوں کے ذریعے سیکھنے کی ہمّت افزائی کریں۔ ہمیں یہ ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ بچوں کو اگر موقع، وقت اور آزادی دی جائے تو وہ بڑوں سے حاصل شدہ معلومات سے وابستہ ہو کر، نئی معلومات مرتّب کرتے ہیں۔ آموزش کے دوسرے ذرائع اور محل وقوع کو نظر انداز کرنے کے بنیادی اسباب میں سے ایک اہم سبب مجوزہ درسی کتاب کو امتحان کے لیے واحد ذریعہ بنانا ہے۔ بچوں کے اندر تخلیقی صلاحیت اور پیش قدمی کے رجحان کو فروغ دینا اسی وقت ممکن ہے جب ہم آموزشی عمل میں بچوں کو بحیثیت شریک کار قبول کریں اور اُن سے اسی طرح پیش آئیں۔ انھیں محض مقررہ معلومات کا پابند نہ سمجھیں۔

یہ مقاصد اسکول کے معمولات اور طریقۂ کار میں معقول تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ روزمرہ نظام الاوقات (Time-Table) میں لچیلا پن اُسی قدر ضروری ہے جتنی کہ سالانہ کیلنڈر کے نفاذ میں سخت محنت کی تاکہ مطلوبہ ایّام کو حقیقتاً تدریس کے لیے وقف کیا جاسکے۔ تدریس اور اندازۂ قدر کے طریقوں سے بھی اس امر کا تعین ہوگا کہ یہ درسی کتاب، بچوں میں ذہنی تناؤ اور اکتاہٹ کا ذریعہ بننے کے بجائے ان کی اسکولی زندگی کو خوش گوار بنانے میں کس حد تک مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ نصابی بوجھ کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے نصاب سازوں نے مختلف سطحوں پر معلومات کی تشکیل نو اور اسے نیا رخ دینے کی غرض سے بچوں کی نفسیات اور تدریس کے لیے دستیاب وقت پر زیادہ سنجیدگی کے ساتھ توجہ دی ہے۔ اس مخلصانہ کوشش کو مزید بہتر بنانے کے لیے یہ درسی کتاب سوچنے اور محسوس کرنے کی تربیت، چھوٹے گروپوں میں بحث ومباحثہ کرنے اور عملاً انجام دی جانے والی سرگرمیوں کو زیادہ اوّلیت دیتی ہے۔

این سی ای آر ٹی اس کتاب کے لیے تشکیل دی جانے والی ''کمیٹی برائے درسی کتاب'' کی مخلصانہ کوششوں کی شکر گزار ہے۔ کونسل سماجی علوم کے مشاورتی گروپ کے چیئر پرسن پروفیسر ہری واسو دیون اور اس کتاب کے خصوصی صلاح کار پروفیسر نیلادری بھٹا چاریہ، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہر لعل یونیورسٹی، نئی دہلی کی ممنون ہے۔ اس درسی کتاب کی تیاری میں جن اساتذہ نے حصّہ لیا، ہم ان کے متعلقہ اداروں کے بھی شکر گزار ہیں۔ ہم ان سب ہی اداروں اور تنظیموں کا بھی شکریہ ادا

© NCERT not to be republished

کرتے ہیں جنھوں نے اپنے وسائل، مآخذ اور عملے کی فراہمی میں فراخ دلی کا ثبوت دیا۔ ہم وزارت برائے فروغ انسانی وسائل کے شعبہ برائے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کی جانب سے پروفیسر مرنال مری اور پروفیسر جی۔ پی۔ دیش پانڈے کی سربراہی میں تشکیل شدہ نگراں کمیٹی (مانیٹرنگ کمیٹی) کے اراکین کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت اور تعاون ہمیں دیا۔ ہم اس نصابی کتاب کے اردو ترجمے کی ذمے داری بخوبی انجام دینے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کے شکرگزار ہیں، خاص طور پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر مشیرالحسن اور محترمہ رخشندہ جلیل کے ممنون اور شکرگزار ہیں جنھوں نے مرکز برائے جواہر لعل نہرو اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے آؤٹ ریچ پروگرام کے ذریعے اس عمل میں رابطہ کار کے فرائض بخوبی انجام دیے۔ کونسل اس کتاب کے اردو ترجمے کے لیے محترم محمد تعظیم کی شکرگزار ہے۔ باضابطہ اصلاح اور اپنی اشاعت کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے مقصد کی پابند ایک تنظیم کے طور پر این سی ای آر ٹی تمام مشوروں اور آرا کا خیر مقدم کرتی ہے تاکہ کتاب کو مزید غور و فکر کے بعد اور زیادہ کارآمد اور بامعنی بنایا جا سکے۔

نئی دہلی
20 نومبر 2006

ڈائریکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

# مطالعے کی وضاحت

اس کتاب کے مطالعہ کے مرکزی نقطہ کو کون سی چیز معین کرتی ہے؟ اس کتاب سے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ جو کچھ اس سے پہلے کی جماعتوں میں پڑھا گیا اس سے یہ کس طرح مختلف ہے؟

ہم نے چھٹی کلاس سے آٹھویں کلاس تک ہندوستان کی تاریخ کے متعلق ابتدائی عہد سے جدید دور تک، ہر سال ایک مخصوص عہد کی تاریخ وار واقعات پر مرکوز جانکاری حاصل کی ہے۔ پھر نویں اور دسویں جماعت کے لیے کتابوں میں تحقیقات کی ساخت میں تبدیلی آ گئی۔ یہاں ہم نے وقت کے ایک مختصر دور پر مرکوز خاص طور پر ہم عصر دنیا کا عمیق مطالعہ کیا۔ علاقائی سرحدوں کو پھلانگتے ہوئے، قومی ریاستوں کی حدود سے پرے ہم نے یہ دیکھا کہ مختلف علاقوں کے مختلف لوگوں نے جدید دنیا بنانے میں کیا کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ وسیع طور پر باہم مربوط تاریخ کا حصہ بن گئی۔ اس کے بعد ہم نے گیارھویں جماعت میں تاریخ عالم کے موضوعات کا مطالعہ کیا۔ اس دوران ہم نے زمین پر انسانی زندگی کی ابتدا سے لے کر آج تک، برسوں کے طویل عرصہ پر مرکوز تاریخ اور ترتیب سے اپنے مطالعہ کو وسعت دی۔ لیکن ہم نے سنجیدہ تحقیق و تفتیش کے لیے کچھ خاص موضوعات کے مجموعے کو منتخب کیا۔ اس سال ہم تاریخ ہند کے موضوعات کا مطالعہ کریں گے۔

یہ کتاب ہڑپا تہذیب کے مطالعہ سے شروع ہوتی ہے اور ہندوستانی آئین کی تشکیل پر ختم ہوتی ہے۔ یہ پانچ ہزار سال کا صرف ایک عام جائزہ پیش نہیں کرتی، بلکہ اس میں کچھ منتخب موضوعات کا عمیق مطالعہ کیا گیا ہے۔ پچھلے سالوں کی کتابوں نے آپ کو پہلے ہی ہندوستان کی تاریخ سے آگاہ کرا دیا ہے۔ اب وقت ہے کہ ہم بعض موضوعات پر تفصیلی تحقیق و تفتیش کریں۔ یہاں ہم نے معاشی، سماجی، سیاسی اور مذہبی موضوعات کو منتخب کر کے مختلف ماحول میں ارتقا کے متعلق جاننے کی یقینی کوشش کی ہے یہاں تک کہ ان کے درمیان موجود سرحدوں کو بھی توڑنے کی کوشش کی ہے اس کتاب کے کئی موضوعات آپ کو اس دور کی سیاسی اور اقتدار کی نوعیت سے متعارف کرائیں گے، وہیں دیگر موضوعات سے اس بات کی تحقیق و تفتیش کی ہے کہ سماج کیسے منظّم ہوتے ہیں اور ان کے کام کرنے کا طریقہ کیا ہے اور یہ کیسے تبدیل ہوتا ہے۔ باقی دیگر موضوعات ہمیں مذہبی زندگی اور رسوم و رواج کے معمولات، معیشت کے کام کاج کے طریقے اور شہری و دیہی سماجوں کے اندر تبدیلی کے متعلق بتاتے ہیں۔

اس میں ہر موضوع آپ کو مورخین کی ہنرمندی کو بھی قریب سے دیکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ ماضی کو دوبارہ تلاش کرنے کے لیے مورخین ماخذات کو تلاش کرتے ہیں تاکہ ماضی کو قابل دسترس بنا سکیں۔ لیکن ماخذ، ماضی کو خود ظاہر نہیں کرتے بلکہ مورخین کو ماخذوں کے ساتھ دست بہ دست ہونا پڑتا ہے۔ ان کی تشریح و توضیح کرنی پڑتی ہے اور ان کو بولنے کے لیے مجبور کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے تاریخ پر جوش مضمون بن جاتی ہے۔ ایک جیسے (پرانے) ماخذ بھی ہمیں نئی چیزوں کے متعلق بتا سکتے ہیں اگر ہم ان سے نئے سوال پوچھیں اور ان کے ساتھ نئے طریقے سے متوجہ

© NCERT not to be republished

ہوں۔اس لیےہمیں یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ مورخین کس طرح ماخذوں کو پڑھتے ہیں اوران پرانے ماخذوں سےنئی چیزیں وباتیں تلاش کر لیتے ہیں۔

لیکن مورخین صرف پرانے ماخذوں کی ہی ازسرنوتحقیقات نہیں کرتے۔وہ نئے ماخذ بھی کھوج نکالتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ ماخذ اتفاق سے بھی دریافت ہوسکتے ہیں۔ماہرین آثارِقدیمہ کوکئی مرتبہ غیرمتوقع طور پراپنے اطراف میں مہریں یا ٹیلےمل جاتے ہیں جوکسی پرانی تہذیب کے مقام کے وجود کا سراغ مہیا کرادیتے ہیں۔کسی ضلع کلکٹریٹ کے دھول کھائے دستاویزات کی تلاش کے ذریعہ مؤرخین کوانجانے میں ریکارڈ کے پلندے سے کسی مقامی جھگڑے کےمقدمے کے کاغذات مل جاتے ہیں اوران سےصدیوں پرانی دیہی دنیا کی نئی زندگی سامنے آجاتی ہے۔تاہم یہ تحقیقات محض اتفاقات ہی ہیں؟کسی محافظ خانہ(Archive) میں آپ کو یکبارگی پرانے دستاویزات کاایک پلندہ مل جائے،آپ اسے کھولتے اور دیکھتے ہیں لیکن آپ کوتحقیق وتفتیش میں آخذ کی اہمیت نظر نہیں آتی۔اس ماخذ کےکوئی معنی نہیں جب تک آپ کے ذہن میں مناسب سوالات نہ ہوں۔آپ کو ماخذ سے واقعات کوکھوج نکالنے ہوتے ہیں،متن کو پڑھنا ہوتا ہے، سراغ کا تعاقب کرنا ہوتا ہے اور باہم رشتے بنانے ہوتے ہیں،تب آپ ماضی کی ازسرنوتعمیر کرسکتے ہیں،کسی دستاویز کی مادی تلاش سے ہی صرف ماضی طشت ازبام نہیں ہوتا۔جب الیکزینڈر کننگھم نے پہلی دفعہ ہڑپا تہذیب کی مہر دیکھی تو وہ اس کا کوئی ادراک نہیں کرپایا۔کافی وقت بعد ہی ان مہروں کی اہمیت کا انکشاف ہو پایا۔

حقیقتاً جب مؤرخین نئے سوالات کاحل تلاش کرنا شروع کرتے ہیں یا نئے موضوعات کی تحقیق وتفتیش کرتے ہیں تب انھیں اکثر نئےقسم کے آخذات تلاش کرنے پڑتے ہیں۔اگرہم انقلابیوں اور باغیوں کےمتعلق جاننے کےخواہش مند ہیں تو سرکاری آخذ صرف ایک جانبدارانہ تصویر ہی پیش کرسکتے ہیں۔ایسی تصویر جوسرکاری الزام اورتعصب سے بنائی گئی ہوگی۔ہمیں باغیوں کی ڈائریوں،ان کے ذاتی خطوط،ان کی تحریریں اور بیانات جیسے دیگر آخذوں کودیکھنے کی ضرورت پڑے گی۔یہ سب ہمیشہ آسانی سے نہیں ملتے ہیں۔اگرہم ان لوگوں کے تجربات کو جنھوں نے تقسیم کے زخم کو برداشت کیا ہے،کوسمجھنا چاہتے ہیں تو تحریری آخذوں کے بجائے زبانی آخذ زیادہ معلومات فراہم کرپائیں گے۔

جیسے جیسے تاریخ کی نظروسیع ہوتی ہے۔ویسے ویسے ماضی کے لیے مؤرخین نئے سراغوں کی تلاش میں نئے آخذوں کی تلاش شروع کردیتے ہیں اور جب ایسا ہوجاتا ہے تب آخذ کی تشکیل کیا ہو۔اس کا تصور بدل جائے گا۔ایک وقت تھا جب صرف تحریری دستاویزات کو ہی قابل اعتبارتسلیم کیا جاتا تھا۔کیاتحریروں کی تصدیق،حوالہ اور مقابلہ وموازنہ کیا جاسکتا تھا۔زبانی شہادت کوکبھی بھی معقول وصحیح آخذ تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔کون اس کی صداقت اور ثبوت پذیری کی ضمانت لیتا؟ زبانی آخذوں کی بے یقینی کی یہ حالت ابھی تک مفقود نہیں ہوئی ہے۔لیکن زبانی شہادت کواختراعی طور پراستعمال کرکے ایسے کھلے تجربات کوظاہر کیا گیا ہے۔جن کوکسی دیگر دستاویز سے ظاہر نہیں کیا جاسکتا۔

مجوزہ سال کی اس کتاب کے ذریعہ آپ مؤرخین کی دنیا میں داخل ہوں گے۔ان کے ساتھ نئے سراغ

© NCERT not to be republished

مجوزہ سال کی اس کتاب کے ذریعہ آپ مؤرخین کی دنیا میں داخل ہوں گے۔ان کے ساتھ نئے سراغ تلاش کریں گےاور دیکھیں گے کہ کس طرح ماضی کے ساتھ ان کے مکالمے ساتھ چلتے ہیں۔آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے کہ وہ کس طرح دستاویزات سے معنی ومفاہیم نکالتے ہیں، کتبات کو پڑھتے ہیں، آثارقدیمہ کے مقامات کی کھدائی کرتے ہیں،مورتیوں اور ہڈیوں کے مفہوم پیدا کرتے ہیں، رزمیہ نظموں کی تشریح کرتے ہیں، استوپوں اورعمارات کو دیکھتے ہیں،تصاویراورفوٹوگراف کی تحقیقات کرتے ہیں، پولیس کی رپورٹوں اور مال گذاری کے دستاویزات کی تعبیروتشریح کرتے ہیں اور ماضی کی آوازوں کو سنتے ہیں۔ ہرموضوع ایک خاص قسم کے مآخذ کی ندرت وخاصیت اور امکانات کی تحقیق وتفتیش کرے گا اوراس بات پر بحث کرے گا کہ ایک مآخذ کیا بتاسکتا ہےاور کیانہیں۔

نیلا دری بھٹا چاریہ
خصوصی صلاح کار

# بھارت کا آئین

## تمہید

ہَم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بَھارَت کو ایک مقتَدر، سمَاج وَادی، غیر مَذہَبی عَوامی جَمہُوریَه بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں۔

انصاف سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر 1949ء کو یہ آئین ذریعہ ہذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

---

1۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''مقتدر عوامی جمہوریہ'' کی جگہ (3-1-1977 سے)

2۔ آئینی (بیالیسویں ترمیم) ایکٹ، 1976 کے سیکشن 2 کے ذریعہ ''قوم کے اتحاد'' کی جگہ (3-1-1977 سے)

© NCERT not to be republished

# کمیٹی برائے درسی کتب

## چیئر پرسن، مشاورتی کمیٹی

ہری واسودیون، پروفیسر، شعبۂ تاریخ کلکتہ یونیورسٹی، کولکاتا

## خصوصی صلاح کار

نیلا دری بھٹّاچاریہ، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

## صلاح کار

کُم کُم رائے، ایسو سی ایٹ، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

مونیکا جونیجا، وزیٹنگ پروفیسر، انسٹی ٹیوٹ فرجش آئٹ (Institute Furgeschichte)، ویانا، آسٹریا

## اراکین

جیا مینن، ریڈر، شعبۂ تاریخ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، یوپی (موضوع 1)

کُم کُم رائے، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی (موضوع 2)

کنال چکرورتی، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی (موضوع 3)

اُوما چکرورتی، ریٹائرڈ پروفیسر، مِرانڈا ہاؤس، دہلی یونیورسٹی، دہلی (موضوع 4)

میناکشی کھنّہ، ریڈر، اندر پرستھ کالج، دہلی یونیورسٹی، دہلی (موضوع 6)

وجے راماسوامی، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلعل نہرو یونیوسٹی، نئی دہلی (موضوع 7)

رجت دتّا، پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی (موضوع 8)

نجف حیدر، ایسو سی ایٹ پروفیسر، سینٹر فار ہسٹوریکل اسٹڈیز، جواہرلعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی (موضوع 9)

نیلا دری بھٹاچاریہ (موضوع 10)

رُدرانگشو مکھرجی، ایگزیکیٹیو ایڈیٹر، دی ٹیلیگراف، کولکاتا (موضوع 11)

پارتھو دتا، ریڈر، شعبۂ تاریخ، ذاکر حسین کالج (ایوننگ کلاسیز)، دہلی یونیورسٹی، دہلی (موضوع 12)

رام چندر گوہا، آزاد ادیب، ماہر علم البشر و تاریخ داں، بنگلور (موضوع 13)

انل سیٹھی (موضوع 14)

سُمیت سرکار، ریٹائرڈ پروفیسر، شعبۂ تاریخ، دہلی یونیوسٹی، دہلی (موضوع 15)

مظفر عالم، پروفیسر، ساؤتھ ایشین ہسٹری، شکاگو یونیورسٹی، شکاگو، (یو۔ ایس۔ اے)

© NCERT not to be republished

سی۔این۔سُبرا منّیم ،ایکلوّیہ ،کوٹھی بازار، ہوشنگ آباد

رشمی پالیوال،ایکلوّیہ ،کوٹھی بازار، ہوشنگ آباد

پربھاسنگھ، پی جی ٹی (تاریخ)، کیندریہ ودیالیہ، اولڈ کینٹ، تیلیر گنج، الٰہ آباد، یوپی

سمیتا سہائے بھٹّاچاریہ، پی جی ٹی (تاریخ)، بلیو بیلس اسکول، کیلاش کالونی، نئی دہلی

بیباسوبتی، پی جی ٹی (تاریخ) ماڈرن اسکول، بارہ کھمبا روڈ، نئی دہلی

فرحت حسن، ریڈر، شعبۂ تاریخ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ (موضوع 5)

## ممبر کوارڈی نیٹرز

اَنل سیٹھی ،پروفیسر، ڈی ای ایس ایس، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

سیما شکلا اوجھا، لیکچرر، ڈی ای ایس ایس، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

© NCERT not to be republished

# اظہارِ تشکر

’تاریخ ہند کے موضوعات، حصہ III‘ ماہرین تعلیم، اساتذہ کرام، مؤرخین، مدیران اور ڈیزائن کاروں کی کاوشات کا حاصل ہے۔ کتاب کے ہر باب کو کئی ماہ کے بحث ومباحثے کے بعد قطعی شکل دی گئی ہے۔ ہم ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اس پورے عمل میں شرکت کی۔

کتاب کے مسودہ پر جامع اور قیمتی آرا کے لیے ہم جوہن فرٹز، سنیل کمار اور سپریہ ورما کے بے حد مشکور ہیں۔ بعض وضاحت طلب امور میں بروقت تعاون کے لیے ہم مینا بھارگو، رنبیر چکرورتی، رنجیتا دتا، بھارتی جگناتھن اور نندیتا پرساد سہائے کے بھی شکرگزار ہیں۔ مانیٹرنگ کمیٹی کے ممبران پروفیسر جے۔ ایس۔ گریوال اور شوبھا باجپئی کی تجاویز ہمارے لیے کافی کارآمد ثابت ہوئیں۔

مختلف افراد اور اداروں نے کتاب کے لیے بصری مواد مہیا کرایا۔ ہم سب سے پہلے جارج مائیکل اور جوہن فرٹز کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اپنی کریم النفسی کی وجہ سے وجے نگر سے متعلق ماخذات کے اپنے وافر ذخیرے سے ہمیں استفادہ کرنے کی اجازت دی۔

کاپی ایڈیٹنگ اور مسودے کا پروف پڑھنے کے لیے ہم شیام وارنر کی کوششوں کو تسلیم کرتے ہیں۔ آرٹ کری ایشن (Art Creations)، نئی دہلی کے ریتوٹوپا اور انیمیشن رائے بھی شکریے کے مستحق ہیں، جنھوں نے بڑے تحمل اور مہارت کے ساتھ کتاب کا ڈیزائن تیار کیا۔ ان کے علاوہ جواہرلعل نہرو یونیورسٹی کے کے۔ ورگیز نے ہمیں نقشہ جات مہیا کرائے۔ البینس ٹرکی اور منوج ہلدار نے تکنیکی تعاون پیش کیا۔ سمیر اور رما نے کئی طرح سے اپنا قیمتی تعاون دیا، اس پورے عمل کے دوران ان کی خوش مزاجی کئی معنوں میں ہماری مددگار بنی رہی۔

آخر میں اس کتاب کے استعمال کرنے والوں کی طرف سے ہم بازرسی کے منتظر رہیں گے جو بعد میں آنے والے ایڈیشن میں اصلاح کرنے میں ہماری مددگار ہوگی۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے کونسل کاپی ایڈیٹر حسن البنّا، پروف ریڈر شبنم ناز، ڈی ٹی پی آپریٹرز شمائلہ فاطمہ، فلاح الدین فلاحی اور کمپیوٹر اسٹیشن انچارج پرش رام کوشک کی تہہ دل سے شکرگزار ہے۔

© NCERT not to be republished

# بھارت کا آئین

حصہ III (دفعہ 12 سے 35)

(بعض شرائط، چند مستثنات اور واجب پابندیوں کے ساتھ)

## بنیادی حقوق

### کے ذریعہ منظور شدہ

حق مساوات

- قانون کی نظر میں اور قوانین کا مساویانہ تحفظ
- مذہب، نسل، ذات، جنس یا مقام پیدائش کی بنا پر عوامی جگہوں پر مملکت کے زیر انتظام
- سرکاری ملازمت کے لیے مساوی موقع
- چھوت چھات اور خطابات کا خاتمہ

حق آزادی

- اظہار خیال مجلس، انجمن، تحریک، بود و باش اور پیشے کا
- سزا کے جرم سے متعلق بعض تحفظات کا
- زندگی اور شخصی آزادی کے تحفظ کا
- 6 سے 14 سال کی عمر کے بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کا
- گرفتاری اور نظر بندی سے متعلق بعض معاملات کے خلاف تحفظ کا

استحصال کے خلاف حق

- انسانوں کی تجارت اور جبری خدمت کی ممانعت کے لیے
- بچوں کو خطرناک کام پر مامور کرنے کی ممانعت کے لیے

مذہب کی آزادی کا حق

- آزادی ضمیر اور قبولِ مذہب اور اس کی پیروی اور تبلیغ
- مذہبی امور کے انتظام کی آزادی
- کسی خاص مذہب کے فروغ کے لیے ٹیکس ادا کرنے کی آزادی
- کلی طور سے مملکت کے زیر انتظام تعلیمی اداروں میں مذہبی تعلیم یا مذہبی عبادت کی آزادی

ثقافتی اور تعلیمی حقوق

- اقلیتوں کی اپنی زبان، رسم خط یا ثقافت کے مفادات کا تحفظ
- اقلیتوں کو اپنی پسند کے تعلیمی ادارے کے قیام اور ان کے انتظام کا حق

قانونی چارہ جوئی کا حق

- سپریم کورٹ یا کورٹ کی جانب سے ہدایات، احکام یا رٹ کے اجرا کو تبدیل کرانے کا حق

© NCERT not to be republished

# فہرست


پیش لفظ v

مطالعے کی وضاحت vii

## حصہ III

موضوع دس
**نوآبادیت اور دیہات** 267
سرکاری دستاویزات کی تحقیق اور تفتیش

موضوع گیارہ
**بغاوتیں اور راج** 300
1857 کی بغاوت اور اس کی نمائندگی

موضوع بارہ
**نوآبادیاتی شہر** 329
شہرکاری، منصوبہ بندی اور فن تعمیر

موضوع تیرہ
**مہاتما گاندھی اور قومی تحریک** 361
سول نافرمانی اور اس سے آگے

موضوع چودہ
**تقسیم کی فہم** 394
سیاست، یادداشتیں، تجربات

موضوع پندرہ
**دستور کی تشکیل** 426
ایک نئے عہد کا آغاز







© NCERT not to be republished




**حصہ I : (صفحہ نمبر 1 تا 114)**

**موضوع ایک**
**اینٹیں، منکے اور ہڈیاں**
ہڑپا کی تہذیب

**موضوع دو**
**بادشاہ، کسان اور شہر**
ابتدائی ریاستیں اور معیشتیں
(تقریباً 600 ماقبل مسیحی دور — 600 مسیحی دور)

**موضوع تین**
**قرابت، ذاتیں اور طبقے**
(تقریباً 600 ماقبل مسیحی دور — 600 مسیحی دور)

**موضوع چار**
**مفکر، عقائد اور عمارتیں**
(تقریباً 600 ماقبل مسیحی دور — 600 مسیحی دور)

**حصہ II : (صفحہ نمبر 115 تا 262)**

**موضوع پانچ**
**سیاحوں کی نظر سے**
سماج کا تصور
(تقریباً دسویں صدی سے سترہویں صدی تک)

**موضوع چھ**
**بھکتی۔صوفی روایات**
مذہبی عقائد میں تبدیلی اور عقیدت مندانہ متون
(تقریباً آٹھویں صدی سے اٹھارھویں صدی تک)

**موضوع سات**
**ایک شاہی راجدھانی: وجے نگر**
(تقریباً چودھویں صدی سے سولھویں صدی تک)

**موضوع آٹھ**
**کاشت کار، زمیندار اور ریاست**
زرعی سماج اور مغلیہ حکومت
(تقریباً سولھویں تا سترھویں صدی)

**موضوع نو**
**بادشاہ اور وقائع نگاری**
مغل دربار
(تقریباً سولھویں تا سترھویں صدی)


© NCERT not to be republished

# اس کتاب کو کس طرح استعمال کیا جائے

یہ کتاب تاریخ ہند کے موضوعات کا حصہ II ہے، حصہ III اس کتاب کے بعد آئے گا۔

☑ آموزش میں آسانی بہم پہنچانے کے لیے ہر باب کو متعدد حصوں اور ذیلی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

☑ آپ دیگر مواد بھی خانوں میں محور پائیں گے

یہ مشتمل ہے :

مختصر معنیٰ

اضافی معلومات

زائد تفصیلی تصریحات

اس کا مقصد آموزش کے عمل کو مدد دینا اور معلومات میں اضافہ کرنا ہے لیکن یہ **تشخیص کے ارادہ سے نہیں** ہے۔

☑ ہر باب کا خاتمہ **ٹائم لائن** کے ایک مجموعہ سے ہوتا ہے۔ اس کو **معلومات** کے تناظر میں داخل کتاب کیا گیا ہے اور جو تشخیص کے لیے نہیں ہے۔

☑ ہر باب میں بہت سی **تصاویر، نقشے اور ماخذات** دیے گئے ہیں۔

(a) یہ تصاویر فنی تخلیقات جیسے اداروں، برتنوں، مہروں، سکوں، زیورات وغیرہ کے ساتھ ساتھ کتبات، مجسمے، پینٹنگ، عمارات، آثارِ قدیمہ کے مقامات، نقشے، لوگوں کے فوٹوگراف اور مقامات کی تصویروں وشبیہوں یعنی بصری مواد پر مشتمل ہے۔ جن کا استعمال مؤرخین آخذوں کے طور پر کرتے ہیں۔

(b) کچھ ابواب میں **نقشے** دیے گئے ہیں۔

**مآخذ**

(c) مآخذوں کو الگ خانوں میں محصور کیا گیا ہے۔ یہ وسیع اقسام کے متون اور کتاب کے اقتباسات پر مشتمل ہیں۔ بصری اور کتابی مآخذات دونوں، ان سراغوں کو محسوس کرتے میں آپ کی مدد کریں گے جن کو مورخین استعمال کرتے ہیں۔ آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ مورخین ان سراغوں کا کس طرح تجزیہ کرتے ہیں۔ **آخری امتحان مساوی رمماثل مواد کے اقتباسات یا تصاویر پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ اس طرح آپ کو، اس طرح کے مواد کو استعمال کرنے کا موقع دستیاب ہوگا۔**


© NCERT not to be republished

☑ متن کے اندر روزمروں میں سوالات دیے گئے ہیں :

(a) پیلے رنگ کے خانوں میں وہ سوالات دیے گئے ہیں جن کا استعمال تشخیص کی مشق کے لیے کیا جاسکتا ہے۔


(b) ➲ بحث کیجیے... عنوان کے تحت وہ سوالات شامل کیے گئے ہیں جو تشخیص کے لیے نہیں ہیں۔

☑ ہر باب کے آخر میں چار قسم کی تفویض دی گئی ہیں۔

مختصر سوالات 

مختصر مضمون 

نقشے کا کام 

پروجیکٹ 

یہ آخری تشخیص اور تعین قدر کے مشق کی تیاری کے مقصد سے دی گئی ہیں۔

امید ہے آپ اس کتاب کے استعمال سے لطف اندوز ہوں گے۔

© NCERT not to be republished